58th Year

بانی صوفی غلام محمد

# سرینگر ٹائمز



## الکاراز آسٹریلین اوپن کے فائنل میں

اسپین کے اسٹار ٹینس کھلاڑی کارلوس الکاراز نے جمعہ کو ایک سنسنی خیز اور طویل مقابلے میں جرمنی کے الیگزینڈر زویریو کو شکست دے کر پہلی مرتبہ آسٹریلین اوپن کے فائنل میں رسائی حاصل کر لی۔ شدید جسمانی مشکلات اور شکست کے دہانے تک پہنچنے کے باوجود الکاراز نے غیر معمولی حوصلے اور عزم کا مظاہرہ کرتے ہوئے یادگار فتح حاصل کی۔(تفصیلات اندر)



## کوہلی کا انسٹا گرام اکاؤنٹ فعال

ہندوستانی کرکٹ اسٹار وراٹ کوہلی کا انسٹاگرام اکاؤنٹ جمعہ کی صبح دوبارہ فعال ہو گیا، جس کے ساتھ ہی ان کے ۲۷۴ ملین فالوورز کے درمیان کئی گھنٹوں سے جاری بے چینی اور قیاس آرائیوں کا خاتمہ ہو گیا۔ وراٹ کوہلی کی پروفائل رات بھر پراسرار انداز میں غائب رہی تھی، جس پر سوشل میڈیا پر مختلف قسم کی چہ می گوئیاں شروع ہو گئی تھیں۔ (تفصیلات اندر)

www.srinagartimes.net | قیمت 5 روپے | DAILY SRINAGAR TIMES | R.N.I: 17647/69 • Vol: 58 • No. 31 | صفحات: 08 | ۳۱ جنوری ۲۰۲۶ بروز سنیچروار بمطابق ۱۱ شعبان ۱۴۴۷ | Saturday 31st January 2026 | جلد نمبر 58





# باپو آج کی دنیا کیلئے ایک زندہ راہنما ہیں/LG

## گاندھی گلوبل فیملی کے زیر اہتمام تقریب پر مہاتما گاندھی کی برسی پر خراج عقیدت

جموں/ لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے آج بابائے قوم مہاتما گاندھی کی برسی پر انہیں خراجِ عقیدت پیش کیا۔ اُنہوں نے کہا،''میرا ماننا ہے باپو آج کی دنیا کیلئے ایک زندہ رہنما ہیں۔ عدم تشدد، سچائی اور خود انحصاری پر مبنی اُن کا فلسفہ آج بھی اتنا ہی ضروری ہے جتنا بھارت کی آزادی کی جدوجہد کے دوران تھا جو عصری بحرانوں سے نمٹنے اور عالمی معاشرے کے اِجتماعی مستقبل کو خطرہ پہنچانے والے اِختلافات کو دور کرنے کیلئے لازوال حکمت فراہم کرتا ہے۔ لیفٹیننٹ گورنر گاندھی گلوبل فیملی جموں وکشمیر کے زیر اہتمام منعقدہ ایک پُر وقار تقریب سے خطاب کر رہے تھے۔ اُنہوں نے یومِ شہدأ کے موقعے پر تمام عظیم مردوں اور خواتین کی قربانیوں اور خدمات کو بھی یاد کیا اور اُنہیں خراجِ عقیدت پیش کیا۔ اُنہوں نے اِجتماع سے خطاب کرتے ہوئے جموں وکشمیر کی دیرپا اُمن کی خواہش اور گاندھیائی اَقدار اور نظریات کی لازوال اہمیت پر بات کی جو ہمیں صدیوں سے رہنمائی فراہم کر رہی ہیں۔ لیفٹیننٹ گورنر نے کہا،''پوجیا باپو نے اَپنی زِندگی اور اَپنے کاموں کے ذریعے یہ دکھایا کہ بامعنی تبدیلی کے لئے صرف طاقت نہیں بلکہ کردار اور مخلصانہ کوشش ضروری ہے۔'' اُنہوں نے کہا،''دُنیا اور عالمی معاشرہ تیزی سے بدل رہا ہے۔ اِنسانیت آج نئے چیلنجوں کا سامنا کر رہی ہے۔ ایسے آشوب دور میں پوجیا مہاتما گاندھی کی پُرسکون مگر مضبوط آواز عالمی معاشرے کو طاقت اور رہنمائی فراہم کرتی ہے۔ لیفٹیننٹ گورنر نے باپو کے ایک مضبوط، پُرامن اور جامع معاشرے کے ویژن کی مزید وضاحت کی۔



اُنہوں نے کہا،''باپو کا ویژن تھا کہ بنیادی حقوق۔ اِنسانی وقار، مساوات، اِنصاف، پسماندہ طبقوں کی فلاح و بہبود، خواتین اور نوجوانوں کے حقوق، وقار اور اتحاد کا تحفظ کر کے ہم سنگین چیلنجوں کے باوجود ایک مضبوط اور نا قابلِ شکست معاشرہ تشکیل دے سکتے ہیں۔'' منوج سنہا نے اَپنے خطاب میں نوجوانوں پر زور دیا کہ وہ گاندھی جی کی عدم تشدد کو کمزوری نہیں بلکہ اعلیٰ حوصلے کے طور پر تسلیم کریں۔ اُنہوں نے کہا کہ قربانی اور ستیہ گرہ کے ذریعے گاندھی جی نے عدم تشدد کو عملی حکمت کے طور پر پیش کیا۔ اُنہوں نے کہا،'' گاندھی جی نے اپنی پوری زندگی میں انتقام کے بجائے مکالمے، غصے کے بجائے ہمدردی اور تصادم کے بجائے سمجھوتے کی وکالت کی۔'' لیفٹیننٹ گورنر نے کہا،'' باپو نے یہ ثابت کیا کہ اخلاقی اَقدار اِنسانیت کی اصل طاقت اور بیش قیمت خزانہ ہیں جو ایک متحد معاشرے کو ہر چیلنج پر قابو پانے کے قابل بناتے ہیں۔'' اُنہوں اَپنے پختہ/1



## چلہ کلان کی روانگی کا مطلب سردی سے چھٹکارہ نہیں ہے

### ماہ فروری کے داخل ہوتے ہی مغربی ہوائیں بھی داخل ہونگی

سرینگر/ یو پی آئی/محکمہ موسمیات کے مطابق جموں وکشمیر میں 31 جنوری تک موسم زیادہ تر خشک رہنے کا امکان ہے، تاہم جمعہ کی شام سے آسمان پر جزوی ابر آلودگی بڑھ سکتی ہے۔ محکمے نے پیش گوئی کی ہے کہ یکم اور 2 فروری کو ایک تازہ مغربی ہواؤں کا سلسلہ وادی اور جموں خطے کو متاثر کرے گا، جس کے نتیجے میں کئی علاقوں میں ہلکی سے اعتدال درجے کی بارش اور برف باری متوقع ہے۔ محکمہ کے مطابق اس سسٹم کا زیادہ اثر بالائی اور پہاڑی علاقوں میں دیکھا جاسکتا ہے، جہاں تازہ برف جمع ہونے کی توقع ہے۔ نشیبی علاقوں میں ہلکی برف باری یا بارش کے امکانات بھی موجود ہیں، تاہم مجموعی طور پر اس مغربی سلسلے کی شدت معمولی سے درمیانی درجے کی ہوگی۔ محکمہ نے مزید کہا کہ سسٹم گزرنے کے بعد 3 سے 6 فروری تک موسم میں بتدریج بہتری آئے گی اور بیشتر مقامات پر مطلع جزوی طور پر صاف رہنے کا امکان ہے۔ تازہ پیش گوئی کے تناظر میں مسافروں، خاص طور پر پہاڑی شاہراہوں اور بین الاضلاعی راستوں پر سفر کرنے والوں سے گزارش کی گئی ہے کہ روانگی سے قبل ٹریفک پولیس اور متعلقہ حکام سے سڑکوں کی تازہ صورتحال معلوم کریں، کیونکہ برف باری اور پھسلن کے باعث ٹریفک میں رکاوٹیں ممکن ہیں۔

## شہداء کے یوم پر عمر عبداللہ کا خراجِ عقیدت

### سول سیکریٹریٹ میں دو منٹ کی خاموشی

سرینگر/ یو پی آئی/ جموں وکشمیر کے وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے جمعہ کو یومِ شہداء کے موقع پر قوم کے لئے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے شہداء کو خراجِ عقیدت پیش کیا اور ان کی لازوال قربانیوں کو یاد کیا۔ وزیر اعلیٰ کے دفتر کی جانب سے جاری ایک بیان میں کہا گیا کہ عمر عبداللہ نے اس موقع پر کہا کہ "شہداء کی قربانیاں آزادی، انصاف اور جمہوریت کے اُن اعلیٰ اصولوں کی بنیاد ہیں جن پر ہمارا معاشرہ قائم ہے، اور ان کا جذبہ آنے والی نسلوں کے لیے ہمیشہ مشعلِ راہ رہے گا"۔

## خود کو جموں میونسپل کارپوریشن کے اہلکار ظاہر کرنے والے گرفتار

جموں/ یو این آئی/ جموں پولیس نے ایک موثر کارروائی میں ڈومانہ علاقے میں نقالی اور دھوکہ دہی کے ایک منظم ریکیٹ کا پردہ فاش کر کے دو افراد کو گرفتار کیا ہے جو خود کو جموں میونسپل کارپوریشن (جے ایم سی) کے اہلکار ظاہر کر رہے تھے۔ ایک پولیس ترجمان نے بتایا کہ ملزمان خود کو جے ایم سی کے اہلکار ظاہر کرتے ہوئے مکانات کی تعمیر سے متعلق سرکاری کارروائیوں کے نام پر جھوٹے دعوے کر رہے تھے اور انہوں نے اپنی جعلی شناخت کے ذریعے متاثرہ افراد کو دستاویزات کی تیاری کے بہانے آن لائن ٹرانزیکشن اور نقد رقم دینے پر آمادہ کیا۔ ملزموں کی شناخت محمد شبیق ولد/2

## پونچھ میں جعلی ایڈرس پر بھیجی گئی پانچ لاکھ 57 ہزار روپے مالیت کی ادویات ضبط

### دوافروشوں کو حیات بخش دوائی پولیس کے پاس جمع کرانے کی ہدایت

سرینگر/ مینڈھر پونچھ میں کوئیر کے ذریعے بھیجی گئی 6 لاکھ روپے مالیت کی ادوایات، ڈرگ انسپکٹر نے ضبط کر لی، پولیس نے اس سلسلے میں کیس درج کر کے معاملے کی تحقیقات شروع کر دی۔ ادھر پونچھ میں حیات بخش ادویات فروخت کرنے والوں کو ہدایت کی گئی کہ وہ فروخت کی جانے والی ادویات کی لسٹ ڈرگ کنٹرول محکمہ اور پولیس کے پاس جمع کرائیں۔ اس سے پہلے ہی مینڈھر پونچھ کے ڈرگ انسپکٹر کو اس بات کی مصدقہ اطلاع ملی تھی کہ پونچھ میں غیر معیاری ادویات پہنچائی جارہی ہے اور کوئیر کو اس کیلئے استعمال کیا جاتا ہے۔ غیر معیاری ادویات فروخت کرنے والے جعلی ایڈرس پر ادویات منگواتے ہیں اور پھر وہی ادویات مریضوں کو تھما دیتے ہیں اور ان کی زندگیوں کے ساتھ کھلواڑ کرتے ہیں۔ اطلاع ملنے کے بعد ڈرگ انسپکٹر چندر شرما کوئیر دفتر پر گیا جہاں انہوں نے پورا دن انتظار کیا کہ جعلی ایڈرس پر روانہ کئے گئے ادویات کو کون لینے آئے گا تاہم پورا دن انتظار کرنے کے بعد ایسے افراد کو اس بات کی بھنک ملی تھی کہ ان پر تلوار لٹکنے والی ہے وہ کوئیر دفتر اپنی بلٹی چھڑانے نہیں گئے۔ جس کے بعد ڈرگ انسپکٹر نے ادویات/4

## 20 ہزار روپے بطور ''رشوت'' کی طلبی باعث گرفتاری بن گئی

### تحقیقاتی ٹیم کی طرف سے بچھائے گئے جال میں پھنس گیا

سرینگر/ یو این آئی/ سنٹرل بیورو آف انویسٹی گیشن نے جموں وکشمیر کے ضلع گاندربل میں محکمہ مال کے ایک پٹواری کو رشوت لیتے ہوئے رنگے ہاتھوں گرفتار کیا ہے۔ مذکورہ اہلکار موضع گڈورہ، گاندربل میں تعینات تھا اور اس پر الزام ہے کہ اس نے شکایت کنندہ سے 20 ہزار روپے رشوت طلب کی تھی۔ سی بی آئی ترجمان کے مطابق، کیس 28 جنوری 2026 کو درج کیا گیا تھا، جس میں کہا گیا تھا کہ پٹواری نے زمین کے ریکارڈ یعنی 'جمعبندی' کے اجرا اور مال ریکارڈ کی درستی کے عوض رقم کا مطالبہ کیا تھا۔ اس سلسلے میں شکایت موصول ہونے کے بعد فوراً ٹیم تشکیل دی گئی۔ سی بی آئی نے 28 جنوری کو جال بچھایا اور پٹواری کو 15 ہزار روپے رشوت وصول کرتے ہوئے موقع پر ہی گرفتار کرلیا۔ حکام کے مطابق ملزم کو قانونی کارروائی پوری کرنے کے بعد متعلقہ عدالت میں پیش کیا جائے گا، جبکہ تفتیش مزید جاری ہے۔ سی بی آئی نے واضح کیا کہ بدعنوان اہلکاروں کے خلاف سخت کارروائی ادارے کے اُس عزم کی عکاسی کرتی ہے جس کے تحت وہ ملک بھر میں کرپشن کے خاتمے کے لیے سرگرم ہے۔

## 10 سال پہلے روڈ ایکسیڈنٹ کے ایک کیس کا فیصلہ

### متاثرہ کنبے کو 54 لاکھ روپے ایک ماہ کے اندر اندر ادا کرنے کی ہدایت

سرینگر/ اے پی آئی/ جموں وکشمیر ٹریفک ٹریبونل نے موٹر وہیکل ایکٹ کے تحت دس سال گزرنے کے بعد متاثرہ کنبے کو 54 لاکھ روپے معاوضہ فراہم کرنے کے معاملے کو منظوری دے دی۔ سرینگر مظفر آباد شاہراہ پر دس سال پہلے ٹریفک کا ایک المناک حادثہ رونماء ہوا۔ حادثے کے تقریباً دس سال بعد بالآخر متاثرین کو انصاف مل گیا۔ موٹر ایکسیڈنس کلیمز ٹریبونل (ایم اے سی ٹی) سرینگر نے 2015 میں سرینگر مظفر آباد شاہراہ پر پیش آئے حادثے کے سلسلے میں شمالی کشمیر سوپور کے ایک خاندان کو 54 لاکھ روپے سے زائد کا معاوضہ دینے کا فیصلہ صادر کیا۔ پانچ ستمبر 2015 کو میر گنڈ کے قریب حادثہ رونماء ہوا جب سوپور سے تعلق رکھنے والا ایک خاندان اس سڑک حادثے کا شکار ہوا۔ حادثے میں کنبے کے کئی افراد جن میں تین بچے شامل تھے شدید طور پر زخمی ہوئے جب کہ ایک شخص مستقل طور پر معذور رہا۔ معاوضے کے لئے کیس 2016 میں ایم اے سی ٹی سرینگر میں دائر کیا گیا تھا۔ طویل قانونی کارروائی کے بعد ٹریبونل نے حادثے کی ذمہ داری گاڑی کی انشورنس کمپنی پر ڈالتے ہوئے اسے قصوروار دے دیا۔ میڈیکل ریکارڈ شواہد اور معذوری/3

## سرینگر کے شیرین باغ اسپتال میں سی ٹی اسکین کی سہولت کام کر رہی ہے/ حکام

سرینگر/ کے این ایس/ سرینگر کے شیرین باغ کے سپر اسپیشلٹی اسپتال میں سی ٹی اسکین مشین مکمل طور پر کام کر رہی ہے اور معمول کی تشخیصی عمل کو بغیر کسی رکاوٹ کے انجام دیا جا رہا ہے، ہسپتال کے حکام نے جمعہ کو کہا۔ حکام نے واضح کیا کہ مین سی ٹی سسٹم سے منسلک صرف ایک پیریفرل انجیکٹر یونٹ میں معمولی تکنیکی خرابی پیدا ہوئی ہے، جس کا تشخیصی خدمات پر محدود اثر پڑا ہے۔ کشمیر نیوز سروس کے مطابق حکام نے بتایا کہ "یہ مسئلہ روزانہ تشخیصی کام کے بوجھ کے دو فیصد سے بھی کم کو متاثر کرتا ہے، خاص طور پر انجیوگرافی کے طریقہ کار۔ دیگر تمام کنٹراسٹ اور غیر کنٹراسٹ/5

## وزیر اعلیٰ نے جموں کے 8 اضلاع کے عوامی نمائندوں سے پری بجٹ مشاورت کی

### بجٹ تیاری میں جامع اور شریکانہ طریقہ کار اپنانے کے عزم کا اعادہ


جموں/ وزیر اعلیٰ مسٹر عمر عبداللہ نے آج جموں ڈویژن کے آٹھ اضلاع کے عوامی نمائندوں کے ساتھ پیشگی بجٹ مشاورت کا عمل مکمل کیا اور حکومت کی جانب سے بجٹ تیاری میں جامع اور شریکانہ طریقہ کار اپنانے کے عزم کا اعادہ کیا جس کا مقصد جموں و کشمیر کی مجموعی ترقی ہے۔



انہوں نے تمام اراکین اسمبلی کا ان کے حلقوں میں ترقیاتی کاموں کے بارے میں قیمتی تجاویز اور رائے دینے پر شکریہ ادا کیا اور کہا کہ یہ مشورتیں محض رسمی کارروائی نہیں بلکہ عوام کی بنیادی سطح پر ضروریات اور ترجیحات کو سمجھنے کا اہم عمل ہیں۔ انہوں نے کہا'' اس میں کوئی شک نہیں کہ یہ مشورتیں رسمی نہیں ہیں اگر یہ صرف رسمی ہوتیں تو میں آپ کو بلاتا ہی نہیں''۔ انہوں نے مزید کہا کہ منتخب نمائندوں کی بات سُننے سے اکثر ایسے آئیڈیاز اور نقطہ نظر سامنے آتے ہیں جن پر حکومت نے پہلے غور نہیں کیا ہوتا۔ وزیر اعلیٰ نے کہا'' آپ کی بات سُننے کے بعد ہمیں کچھ ایسے خیالات ملتے ہیں جن کے بارے میں ہم نے سوچا بھی نہیں تھا۔/6

## کشمیری شال بیچنے والے پر حملہ بدقسمتی، غلط اور قابل مذمت/ اشوک کول

### جموں وکشمیر کو توڑنے نہیں دیں گے ایک ہے ایک ہی رہے گا



سرینگر/ کے این ایس/ بھارتیہ جنتا پارٹی (بی جے پی) کے جنرل سکریٹری اشوک کول نے جمعہ کو اتراکھنڈ میں ایک نابالغ کشمیری شال بیچنے والے پر حملے کی مذمت کرتے ہوئے اسے "بدقسمتی اور غلط" قرار دیتے ہوئے کہا کہ ہر شہری کو ملک میں کہیں بھی سفر کرنے اور کاروبار کرنے کا حق ہے۔ بی جے پی کے سینئر لیڈر نے کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی اور مرکزی وزیر داخلہ امیت شاہ نے پہلے ہی اس واقعہ کی مذمت کی ہے اور بی جے پی پارٹی بھی اس کی واضح مذمت کرتی ہے۔ ہمارا ملک ایک ہے اور اس طرح کے واقعات نہیں ہونے چاہئیں۔ انہوں نے کہا کہ جموں وکشمیر کے وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے بھی اپنے اتراکھنڈ کے ہم منصب سے بات کی ہے اور بی جے پی نے بھی وہاں کی اپنی ریاستی اکائی کے ساتھ معاملہ اٹھایا ہے۔ جموں کے لیے علیحدہ ریاست کا درجہ دینے کے معاملے پر کول نے ایسی کسی بھی تجویز کو مسترد کرتے ہوئے کہا کہ پارٹی جموں وکشمیر کو ایک وجود سمجھتی ہے۔

## کشتواڑ کے چھاترو علاقے میں بڑے پیمانے پر تلاشی آپریشن جاری، موبائل انٹرنیٹ خدمات معطل

### سرنکوٹ علاقے میں بھی دو مشتبہ افراد کی موجودگی کی اطلاع پر سرچ آپریشن جاری ہے

جموں، 30 جنوری (یو این آئی) جموں وکشمیر کے کشتواڑ ضلع کے چھاترو جنگلی علاقے میں سیکورٹی فورسز نے بڑے پیمانے پر تلاشی آپریشن شروع کر دیا ہے۔ مقامی ذرائع کے مطابق کارروائی کا مقصد جیش سے وابستہ تین دہشت گردوں کو گرفتار یا بے اثر کرنا ہے جو اس علاقے میں روپوش ہیں۔ فورسز نے چھاترو بیلٹ کے مختلف حصوں کو مکمل طور پر محاصرے میں لے لیا ہے اور ممکنہ فرار ہونے کے تمام راستوں پر پہرے بٹھا دیے ہیں تاکہ دہشت گرد علاقے سے باہر نہ نکل سکیں۔ سرچ آپریشن میں جدید ڈرون کیمروں، تھرمل امیجنگ آلات اور کھوجی کتوں کا استعمال کیا جا رہا ہے تاکہ ہر جھاڑی، ہر درہ اور ہر ممکنہ مخفی مقام کی چھان بین کی جاسکے۔ حکام کے مطابق دہشت گرد انتہائی دشوار گزار پہاڑی اور جنگلی راستوں کا فائدہ اٹھا کر چھپنے کی کوشش کر سکتے ہیں، لیکن سیکیورٹی فورسز نے علاقے کی ہر ممکنہ گزرگاہ پر گشت بڑھا دیا ہے۔ فورسز کے اہلکار دن رات علاقے کی نگرانی میں مصروف ہیں اور ہر ممکن کوشش کی جا رہی ہے کہ دہشت گردوں کو فرار کا موقع نہ ملے۔ اس دوران کشتواڑ کے سنگھ پورہ، چنگام اور چھاترو میں موبائل انٹرنیٹ خدمات کو معطل کر دیا گیا ہے۔ حکام کے مطابق یہ اقدام دہشت گردوں کے ممکنہ ڈیٹا شیئرنگ، رابطہ کاری اور کارروائی میں مداخلت کے امکانات کو روکنے کے لیے اٹھایا گیا ہے۔ موبائل انٹرنیٹ کی معطلی کا مقصد یہ ہے کہ دہشت گرد جدید ٹیکنالوجی کا استعمال کر کے فورسز کی سرگرمیوں پر نظر نہ رکھ سکیں اور کسی بھی طرح کی معلومات کو اپنے مقصد کے لیے استعمال نہ کر سکیں۔ یہ معطلی آئی جی پی جموں زون کے حکم پر ٹیلی کمیونیکیشن سروسز کی عارضی معطلی کے قواعد 2024 کے تحت نافذ کی گئی/8

## دور دراز، سرحدی، پہاڑی اور کم رابطے والے علاقوں میں 4G کنیکٹیویٹی پہنچانے کا منصوبہ

### 775 میں سے تمام مقامات پر ٹاور لگانے کے لیے زمین الاٹ کی جا چکی ہے

سرینگر/ یو پی آئی/ جموں وکشمیر حکومت نے جمعرات کو اعلان کیا ہے کہ یونین ٹیریٹری کے دور دراز، سرحدی، پہاڑی اور کم رابطے والے علاقوں میں 4G کنیکٹیویٹی پہنچانے کے لیے 775 موبائل ٹاور سائٹس کے لیے باضابطہ ورک آرڈرز جاری کر دیے گئے ہیں۔ یہ منصوبہ مرکزی حکومت کے یونیورسل سروس آبلیگیشن فنڈ کے تحت نافذ کیا جا رہا ہے جبکہ بی ایس این ایل اس کا نفاذ کرنے والی ایجنسی ہے۔ یہ تفصیلات سیکریٹری انفارمیشن ٹیکنالوجی پیوش سنگلا نے چیف سیکریٹری اٹل ڈولو کی صدارت میں ہونے والی 10 ویں اسٹیٹ براڈ بینڈ کمیٹی کے اجلاس میں پیش کیں۔ اجلاس کا مقصد جے اینڈ کے میں جاری اہم ڈیجیٹل انفراسٹرکچر منصوبوں کی پیش رفت کا جائزہ لینا تھا، جن میں 4G سیچوریشن پروجیکٹ، امینڈڈ بھارت نیٹ پروگرام (ABP)، 5G تیاری، کال بیفور یو ڈگ (CBuD) اور دیگر ٹیلی کام اسکیمیں شامل ہیں۔ سرکاری ترجمان کے مطابق پیوش سنگلا نے بتایا کہ 775 میں سے تمام مقامات پر ٹاور لگانے کے لیے زمین الاٹ کی جا چکی ہے، جبکہ پاور ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ کی مدد سے زیادہ تر سائٹس پر بجلی کی فراہمی بھی مکمل کر لی گئی ہے۔ چیف سیکریٹری نے عمل درآمد کرنے والی ایجنسیوں کو ہدایت دی کہ وہ تنصیب اور کمیشننگ کے کاموں کو مزید تیز کریں، خاص طور پر ان 269 سائٹس کے لیے جو 31 مارچ تک مکمل کرنے کا ہدف ہے۔ باقی مقامات کے لیے بھی منظوریوں کے عمل کو تیز کرنے کی ہدایت جاری کی گئی۔ اجلاس میں ایسے سرحدی علاقوں کا بھی تفصیلی جائزہ لیا گیا جہاں 1,421 سرحدی گاؤں 4G / ڈیجیٹل کنیکٹیویٹی سے محروم ہیں۔ حکام نے اس بات پر/7

